# معذور بچوں کے لئے آفات سے بچنے کی تیاری:
# پائیدار طبی سازوسامان کی ضرورت ہے

اگر آپ کسی معذور بچے کے وکیل، نگہداشت فراہم کنندہ یا کنبہ کے رکن ہیں تو، یہ جاننا ضروری ہے کہ کسی آفت یا عوامی صحت کی ہنگامی صورتحال پیدا ہونے سے پہلے پائیدار طبی آلات (durable medical equipment, DME) کو کس طرح اور کہاں سے حاصل کیا جائے۔ DME ہر وہ طبی سازوسامان ہے جو ان لوگوں کو علاج و معالجے کے فوائد فراہم کرتا ہے جن کو کچھ چوٹیں آئی ہیں یا بیماریاں لاحق ہوئی ہیں۔ یہ فلائر ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی آفات سے نمٹنے کی کوششوں میں مدد فراہم کرنے اور سرکاری ایجنسیوں، غیر سرکاری اور نجی تنظیموں، اور کمیونٹیوں کی آفات اور صحت عامہ کی ہنگامی صورتحال سے بچنے، ردعمل کرنے اور بحال ہونے میں مدد کے لئے وسائل تلاش کرنے کے لیے بنایا گیا ہے۔ اس سے معذور بچے کی دیکھ بھال کرنے والے افراد کو بچے کی صحت اور حفاظت کے بارے میں بہتر باخبر فیصلے کرنے، اور کسی آفت کے دوران کمیونٹیوں میں عوامی نجی تعاونات کے نفاذ کی حمایت کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

کسی آفت یا صحت عامہ کی ہنگامی صورتحال کی وجہ سے بچوں کو وسائل کی فراہمی کی کمیونٹی کی اہلیت متاثر ہو سکتی ہے۔ مقامی ہنگامی انتظامیہ کے دفاتر یا نجی تنظیموں کی مدد سے کسی آفت کے آنے سے پہلے کمیونٹیوں کو اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ اگر کوئی آفت آتی ہے تو، اس بات کا علم ہونا کہ معذور بچوں کے لئے کس طرح اور کہاں سے وسائل حاصل کر سکتے ہیں، ان کی جانیں بچا سکتا ہے۔ بڑوں کے مقابلے میں بچوں کو آفات کا شکار ہونے کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے اور انہیں دوائیوں اور مختلف سائز کے سازوسامان کی ضرورت ہوتی ہے، جن میں سوئیاں، آکسیجن ماسک اور وینٹی لیٹرز کی نلیاں، ویل چیئرز اور واکرز شامل ہیں۔ وسائل مختص کرنے کے منصوبوں میں یہ یقینی بنانا چاہئے کہ بچوں کے سائز کے سازوسامان، اینٹی بائیوٹکس، اینٹی ڈوٹس اور ویکسین دستیاب ہیں اور ان جگہوں پر دی جا سکتی ہیں جہاں عام طور پر بچے جمع ہوتے ہیں، جیسے اسکول کے بعد کے پروگرام، ڈے کیئر اور بچوں کی نگہداشت کی خدمات۔



NYC Health

# ایسی معلومات جو آپ کو کسی آفات سے پہلے معلوم ہونی چاہئے

## اگر آپ کسی معذور بچے کے وکیل، نگہداشت فراہم کنندہ یا کنبہ کے رکن ہیں تو، آپ کو درج ذیل باتیں معلوم ہونی چاہئے:

- کھوئے ہوئے، خراب، تباہ شدہ یا ناقابل استعمال DME، مصنوعی مصنوعات اور سپلائیوں کو کیسے اور کہاں تبدیل کریں۔ DME کو تبدیل کرنے کے لئے کسی معالج کا آرڈر یا طبی ضرورتوں کا خط، یا ڈاکٹر سے ملاقات جیسے دستاویزات کی عام طور پر ضرورت ہوتی ہے۔ تاہم ، کچھ دکاندار اور سپلائرز، Medicare اور Medicaid سروسز (Centers for Medicare & Medicaid Services, CMS) کے مراکز کے بشمول، کسی آفت یا صحت عامہ کی ہنگامی صورتحال کے دوران ان تقاضوں سے دست بردار ہو سکتے ہیں۔ سائز، کمپنی اور ماڈل کا علم ہونے سے، یا جس DME کو آپ تبدیل کرنا چاہتے ہیں اس کے لئے دستاویزات کے ہونے سے Medicaid اور بچوں کے صحت بیمہ پروگرام کے حکام کے ذریعہ اس دعوے میں مدد مل سکتی ہے۔
- اگر آپ یا خاندان کا کوئی رکن ڈائلیسس مشین یا اس طرح کے سازوسامان کا استعمال کرتا ہے تو کسی کو اس سے کس طرح منسلک اور غیر منسلک کریں۔ اس سے آپ کے یا کنبہ کے فرد کے انفیکشن یا چوٹ/زخم کے خطرے کو کم کرنے میں مدد ملے گی، اور یہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ہر شخص کسی آفت کے دوران جلدی اور محفوظ طریقے سے انخلا کر سکتا ہے۔ معلوم کریں کہ آیا آپ کا ڈائلیسس سنٹر اس کی تربیت فراہم کرتا ہے۔
- نسخہ لکھنے والے آپ کے ڈاکٹروں اور آپ جس دواخانے پر جاتے ہیں ان کے نام اور رابطہ کی معلومات۔





# فیملیز یہ اقدامات کر سکتی ہیں

- اپنے فون میں نگہداشت صحت فراہم کنندہ کے رابطے کی معلومات کے ساتھ ساتھ سرکاری، غیر سرکاری اور نجی DME فراہم کنندہ کی ویب سائٹوں کے لنکس کو بھی محفوظ کریں۔

- اپنے iPhone پر میڈیکل ID کو فعال کریں۔ میڈیکل ID ایک ایسی خصوصیت ہے جو iOS Health ایپ میں پہلے سے شامل ہے، جو امدادی کارکنوں کو آپ کے فون کو غیر مقفل کیے بغیر آپ کی طبی معلومات، بشمول الرجی، ادویات، آپ کے عضو عطیہ دہندگان کی حیثیت، خون کی اقسام اور ہنگامی رابطوں کو دیکھنے کی اجازت دیتی ہے۔ اگر آپ کے پاس Android فون ہے تو، اسی طرح کی اور بھی کچھ ایپس ہیں جنہیں آپ ڈاؤن لوڈ اور استعمال کر سکتے ہیں۔

- ہنگامی ریکارڈوں کو کسی ایسی جگہ اپ لوڈ کریں جہاں آپ اپنا فون کھو جانے یا خراب ہونے کی صورت میں رسائی حاصل کر سکتے ہیں، جیسے آپ کے فون کا کلاؤڈ اسٹوریج یا ذاتی ای میل۔

- اپنی کمیونٹی میں ہنگامی واقعات کے بارے میں معلومات یا انتباہات حاصل کرنے کے لئے سائن اپ کریں۔

- اپنے ذرائع نقل و حمل کے اختیارات کا جائزہ لیں اور اپنے کنبے کے ساتھ ان کا اشتراک کریں اگر آپ کو کسی آفت کے دوران علاقے کو خالی کرنے کی ضرورت ہو۔

- زندگی کو برقرار رکھنے والے سازوسامان کے بارے میں پڑھیں۔ واشنگٹن اسٹیٹ کے محکمہ برائے سماجی اور صحت کی خدمات کی ویب سائٹ پر مزید معلومات حاصل ہو سکتی ہیں۔

**اہم نوٹ:** CMS کے پاس حصول کے لیے سامان دستیاب نہیں ہے۔ ریاستی Medicaid ایجنسیوں کے DME فراہم کنندگان اور اسپتالوں کے ساتھ معاہدے ہو سکتے ہیں جن میں یہ سازوسامان ہو سکتا ہے۔

# اضافی وسائل

- **CMS**: ڈیزاسٹر ریسپانس ٹول کٹ
- **CMS**: پائیدار طبی ساز وسامان کی کوریج
- **CMS**: سپلائر کی ڈائرکٹری
- **محمکہ برائے ہوم لینڈ سیکیورٹی (Department of Homeland Security, DHS)**: ہنگامی صورتحال اور آفات میں شہری حقوق
- **DHS**: ہنگامی انتباہات
- **DHS**: مقامی ہنگامی انتظام سے متعلق معلومات
- **ہنگامی انتظام کی ایجنسی (Federal Emergency Management Agency, FEMA)**: کمیونٹی کی منصوبہ بندی اور اہلیت کی تعمیر
- **FEMA**: معذور افراد اور خصوصی ضرورتوں والے دوسرے لوگوں کے لیے آفات کے سے نمٹنے کی تیاری



اس دستاویز میں موجود معلومات ہارورڈ کی قومی تیاری کی قیادت کے اقدام (Harvard National Preparedness Leadership Initiative, NPLI) کے ایک حصے کے طور پر Medicare اور Medicaid کی خدمات کے مراکز کی رہنمائی کے ساتھ تیار کی گئی ہیں۔ NPLI ہارورڈ کینیڈی اسکول آف گورنمنٹ میں ہارورڈ .T.H چان اسکول آف پبلک ہیلتھ اور عوامی قیادت کے مرکز کا ایک مشترکہ پروگرام ہے۔
صفحہ 1 پر موجود تصویر بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز سے لی گئی ہے۔